SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Sunday, July 31, 1988

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at 5-45 of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا
النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۵۷﴾
قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا الَّذِيْ
لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۠
فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ
وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾

سورہ الاعراف - آیت ۱۵۸

ترجمہ :- سو جو لوگ اس نبی پر ایمان لائے اور اس کا ساتھ دیا اور اس کی مدد کی اور اس نور کی پیروی کی جو اس کے ساتھ اتارا گیا ہے سو یہی لوگ تو ہیں پوری فلاح پانے والے ۔ کہہ دیجئے کہ اے انسانو ! بے شک میں اللہ کا رسول ہوں تم سب کی طرف اسی اللہ کا جس کی حکومت ہے آسمانوں اور زمین میں سوا اس کے کوئی معبود نہیں وہی جلاتا اور وہی مارتا ہے ۔ سو ایمان لاؤ اللہ اور اس کے اُمّی رسول و نبی پر جو خود ایمان رکھتا ہے اللہ اور اس کے کلاموں پر، اور اس کی پیروی کرتے رہو تاکہ تم راہ پا جاؤ ۔

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Sunday, July 31, 1988

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at 5-45 of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِہٖ وَعَزَّرُوْہُ وَنَصَرُوْہُ وَاتَّبَعُوا

النُّوْرَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ مَعَہٗٓ ۙ اُولٰٓئِکَ ہُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۵۷﴾

قُلْ یٰٓاَیُّہَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِلَیْکُمْ جَمِیْعَا ۨالَّذِیْ

لَہٗ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ۖ

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ

وَکَلِمٰتِہٖ وَاتَّبِعُوْہُ لَعَلَّکُمْ تَہْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾

سورہ الاعراف ۔ آیت ۱۵۸

ترجمہ :- سو جو لوگ اس نبی پر ایمان لائے اور اس کا ساتھ دیا اور اس کی مدد کی اور اس نور کی پیروی کی جو اس کے ساتھ اتارا گیا ہے سو یہی لوگ تو ہیں پوری فلاح پانے والے ۔ کہہ دیجئے کہ اے انسانو ! بے شک میں اللہ کا رسول ہوں تم سب کی طرف اسی اللہ کا جس کی حکومت ہے آسمانوں اور زمین میں سوا اس کے کوئی معبود نہیں وہی جلاتا اور وہی مارتا ہے ۔ سو ایمان لاؤ اللہ اور اس کے اُمّی رسول و نبی پر جو خود ایمان رکھتا ہے اللہ اور اس کے کلاموں پر، اور اس کی پیروی کرتے رہو تاکہ تم راہ پا جاؤ ۔

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین : جزاک اللہ ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔

پروفیسر خورشید احمد صاحب دو بین الاقوامی کانفرنسوں میں شرکت کرنے کے لیے رباط اور برطانیہ تشریف لے جا رہے ہیں ۔ اس لیے انہوں نے ایوان سے یکم تا ۱۵ اگست رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ ان کی یہ درخواست منظور فرماتے ہیں ۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : ڈاکٹر بشارت الٰہی ایک ضروری کام کی بنا پر ایوان میں ۲۱ جولائی کو شرکت نہیں کر سکے اس لیے انہوں نے ایوان سے اس تاریخ کی رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ ان کی یہ درخواست منظور فرماتے ہیں ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : میر ہزار خان بجرانی ، وزیر برائے ہاؤسنگ و تعمیرات نے اطلاع دی ہے کہ وہ فریضۂ حج کے لیے سعودی عرب تشریف لے گئے ہیں اس لیئے وہ ایوان میں ۱۲ جولائی تا ۱۱ اگست شرکت نہیں کر سکیں گے ۔

ملک فرید اللہ خان صاحب ، وزیر برائے سیاحت و ثقافت اطلاع دیتے ہیں کہ وہ قبائلی علاقے کے دورے پر ہیں ، اس لیے وہ ایوان میں ۲۹ جولائی تا ۷ اگست شرکت نہیں کر سکیں گے ۔

PRIVILEGE MOTION

جناب چیئرمین : جناب سمیع الحق صاحب ، نہیں ہیں Dropped.

ADJOURNMENT MOTIONS

جناب چیئرمین : پروفیسر خورشید صاحب، نہیں ہیں ۔ Dropped.

قاضی عبداللطیف صاحب بھی نہیں ہیں Dropped.

جناب جاوید جبّار صاحب On Major Power Breakdown. وہ بھی نہیں ہیں ۔ Dropped.

جناب جاوید جبار صاحب اور جناب طارق چوہدری صاحب کی ایک موشن ۔

Identical Motion on the Soviet accusation that Pakistan was violating the Geneva Accords on Afghanistan.

جناب طارق چوہدری صاحب ۔

(i) *RE:* SOVIET ACCUSATION THAT PAKISTAN WAS VIOLATING THE GENEVA ACCORDS ON AFGHANISTAN.

جناب محمد طارق چوہدری : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ میں تحریک کرتا ہوں کہ قومی اہمیت کے حامل اس اہم مسئلے کو فوری طور پر زیربحث لایا جائے کہ روس کا خیال ہے کہ جینیوا سمجھوتے کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے ۔ لہذا روسی رہنما گوربا چوف نے دھمکی دی ہے کہ اس سمجھوتے کی خلاف ورزی پر پاکستان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی ، کابل کی کٹھ پتلی حکومت کے خلاف افغانیوں کی کارروائیوں

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhry]

کو پاکستان کی مداخلت قرار دے کر روس جینیوا سمجھوتے کی آڑ میں پاکستان کے لیے مشکلات پیدا کرنا چاہتا ہے۔ لہذا ضروری ہے کہ اس اہم مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے تاکہ مذکورہ سمجھوتے کے بعد اس پر عمل درآمد کی رفتار اور طریقہ کار پر تفصیلی غور کیا جائے اور متوقع خطرات سے نمٹنے کے لیئے معزز ایوان مناسب تجاویز مرتب کر سکے۔

Mr. Chairman : Is it being opposed ?

Mr. Wasim Sajjad : Opposed, Sir.

جناب چیئرمین : آپ تشریح کریں اگر کرنا چاہتے ہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری : جناب چیئرمین ! جینیوا سمجھوتہ جس کی سمجھوتے کے وقت بڑی تعریف کی جاتی رہی اس وقت بھی ہمارا یہ خیال تھا کہ یہ سمجھوتہ ناقابل عمل ہے اور پاکستان کو افغانستان کے اندر لڑنے والی forces پر کوئی دسترس حاصل نہیں ہے اور افغانستان کے اندر لڑی جانے والی جنگ خالصتاً افغانستان کے مجاہدین کی افغانستان کو بیرونی جارحیت سے آزاد کروانے کے لیئے اپنی بہادرانہ کارروائی ہے۔ جس میں پاکستان کو صرف اتنا عمل اور دخل ہے کہ پاکستان کی سرزمین پر افغانستان کے نہتے غریب اور مفلوک الحال لوگ جو ہیں وہ تیس لاکھ کی تعداد میں ہجرت کر کے آ گئے ہیں اور

پاکستان کا افغان تنازعے سے براہِ راست اتنا ہی دخل ہے کہ پاکستان نے روس جیسی عالمی طاقت کی اس جسارت کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ پاکستان کی حکومت کا یہ اقدام بلاشبہ قابل تعریف تھا اور اس کا اس طرح کھڑا رہنے اور بہادری سے حالات کو face کرنے کی پالیسی نے افغانیوں کے اندر توانائی پیدا کی، ان کو ہمت دی۔ افغانی اپنے cause کے لیے اپنی سرزمین کو آزاد کرانے کے لیے برسوں لڑتے رہے جس بے جگری اور بہادری سے انہوں نے مقابلہ کیا وہ اس دنیا کی تاریخ میں بیمثال کارنامہ ہے۔ آخر کار روسی ان حملوں کی تاب نہ لا سکے۔ ان مجاہدوں کو زیر نہ کر سکے۔ افغانستان کے اوپر ان کو اپنا قبضہ برقرار رکھنا مشکل ہو گیا۔ ان کی افواج کی casualities ان کی قتل و غارت گری، ان کے معاشی نقصانات اتنے زیادہ ہوئے کہ روس کو واپس جانا ہی پڑا اب وہ واپس جاتے ہوئے اپنی saving چاہ رہا تھا۔ نتیجتاً اس نے پاکستان کے اوپر مختلف طریقوں سے مختلف ذریعوں سے دباؤ ڈالنا شروع کیا۔ دھماکے، ڈاکے، قتل و غارت، بمباری اور اس طرح جو کچھ ہوتا رہا سب کے سامنے ہے۔

جناب چیئرمین: اس اسٹیج پر چوہدری صاحب بحث ایڈمسبلٹی پر ہے اگر زیادہ توجہ آپ اس طرف دیں کہ آپ کی موشن کس basis پر as adjournment motion admissible ہو سکتی ہے تو آپ کی مہربانی ہو گی۔

جناب محمد طارق چوہدری: میں مختصراً اسی طرف آرہا ہوں اب صورت حال یہ ہے کہ اس سمجھوتے کے دو فریق ہیں ایک پاکستان اور دوسرا افغانستان لیکن لڑنے والے اصل دونوں فریق اس سمجھوتے میں براہ راست اس طرح شریک نہیں ہیں یعنی روسی اور افغانی۔ اب افغانیوں اور روسیوں کے درمیان کوئی سمجھوتہ نہیں ہوا ہے اور افغانیوں اور روسیوں کے درمیان ہونے والی لڑائی جو ہے اس کو اگر پاکستان کے کھاتے میں ڈال دیا جائے اور ایک عالمی طاقت پاکستان کے اوپر الزام تراشی کرے اور پاکستان کو دھمکی دے تو پاکستان کے لیئے بڑی مشکلات پیدا ہونے کا خطرہ ہے۔ لہذا پاکستان کے لیئے پیدا ہونے والی مشکلات ہی میرا اصل موضوع ہے اور میں یہ چاہ رہا ہوں اس حوالے سے جس طرح ہم trap ہوئے ہیں جس طرح ہم نے ان کی جیتی ہوئی جنگ سے، ان کے لیئے بھی مشکلات پیدا کردی ہیں اور اب وہ سمجھوتہ ہمارے گلے میں اٹکا ہوا ہے جس کے ہم نہ حریف ہیں نہ حلیف ہیں نہ ہم اس کے ذمہ دار ہیں نہ براہِ راست ہم اس سے متعلق ہیں۔ ابھی آدھی روسی افواج بھی وہاں سے نہیں نکلی ہیں اور کابل حکومت کو اپنا وجود برقرار رکھنا مشکل ہوگیا ہے اور یہ بات یقینی ہے کہ جونہی اس کی تین چوتھائی یا ساری افواج باہر نکلیں گی تو شاید کابل حکومت ایک مہینہ تک

مجاہدین کے بوجھ اور دباؤ کو سہار نہ سکے۔ نتیجتاً اس کو گرنا ہوگا اور اس کا گرنا روس برداشت نہیں کر سکتا کیونکہ اس کے گرنے سے وہ ایک بہت بڑے حلیف سے محروم ہو جاتا ہے۔ نتیجتاً وہ پاکستان کے اوپر کوئی دباؤ ڈال سکتا ہے اور یہی میرا موضوع ہے اور یہی میں کہنا چاہ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین : شکریہ! جناب وسیم سجاد صاحب۔

Mr. Wasim Sajjad : Mr. Chairman, Sir, this adjournment motion is opposed on the ground that the allegation and the assumption to which reference has been made in the adjournment motion is incorrect. I would like to assure this honourable House and the honourable Senator that Pakistan has faithfully observed its obligations under the Geneva Accords and is committed to doing so in future. Every complaint received through the United Nations Good Offices Mission for Afghanistan and Pakistan has been replied point by point. To substantiate our replies and in accordance with the procedure prescribed under Geneva Accords the Government has arranged on site inspection visits by the UN Military Observers. These teams have visited the entire length of our border with Afghanistan from Chitral to Quetta.

During visits to these areas the teams have inspected all kinds of vehicular traffic to inquire into the complaints of trans-shipment of arms. They have visited locations described by Kabul as so-called training camps and military depots. They have ascertained the views of the refugees regarding the conditions necessary for their return apart from meeting the officials of international agencies such as the UNHCR and the ICRC. etc.

I would like to emphasize, the Geneva Accords lays down a specific procedure for the investigation of complaints to determine the merits or otherwise of an allegation launched by any of the parties. This procedure must be observed before a verdict can be passed as to whether or not either side has violated its obligations under the Agreement. The assertions about Pakistan's non-compliance or violation of Geneva Accords by the Kabul-Soviet side before the results of investigations by the UN Observers have been made available, amount to unilateral and arbitrary allegations which contravene the spirit of the Geneva Accords.

I might add that Pakistan has also registered several complaints with the UNGOMAP but we have followed the laid down procedure instead of resorting to propaganda exercises. Since the Geneva Accords came into force there have been more than 92 ground violations of Pakistani territory and 25 violations of our air space. We have asked the UNGOMAP to take up these complaints with

[Mr. Wasim Sajjad]
the Kabul regime. Moreover, we have also handed over to UNGOMAP a detailed list giving the locations of training camps maintained by Kabul for saboteurs and terrorists to be infiltrated into Pakistan. There have also been repeated incidents of Soviet involvement in military actions against the *Mujahideen* Such continued operation by the Soviet forces has not only deterred the refugees from returning to their homes but has enforced new influx since May 15. 1988. There are also reports that the withdrawing Soviet troops are transferring massive quantities of arms and equimpent worth billions of dollars to the Kabul regime forces. Mr. Diergo Cardovez, Personal Representative of the UN Secretary-General on Afghanistan visited Pakistan from 3rd June to 5th July, 1988, primarily to review the operations of the UNGOMAP. He visited a border outpost in the Landikotal-Michin area and also a refugee camp in Peshawar. Mr. Cardovez expressed satisfaction at the cooperation being extended by Pakistan to the UN Good Offices Military Group. We have reassured him that Pakistan would continue to extend full cooperation to enable the Observers to carry out their obligations. Kabul's propaganda and allegations should be assessed in the light of the Regime's nervousness at the *Mujahideen's* successes and the prospects of Soviet withdrawal. The Agfhan people reject this regime and have intensified their struggle against it. It is now widely recognized that the formation of a government acceptable to the Afghan people is vital for peace inside Afghanistan and for the voluntary return of refugees. The recent statement by Mr. Cardovez and his proposal are an open acknowledgement of this view.

In view of this statement and particularly Mr. Chairman, the fact that this allegation is incorrect I would request the honourable Senator to withdraw his adjournment motion.

جناب چیئرمین : جناب طارق چوہدری صاحب ، جس رپورٹ پر آپ نے اپنی تحریک پیش کی ہے اس کی صحت سے انکار کیا جا رہا ہے ۔

جناب محمد طارق چوہدری : سینیٹر وزیر صاحب کی وضاحت قبول کی جاتی ہے ۔

جناب چیئرمین : شکریہ ! جناب ۔

Not pressed

مولانا سمیع الحق : جناب میں بہت دور سے اس تحریک کے لئے آیا ہوں اور چند منٹ لیٹ ہو گیا ہوں ۔ رات دن ۴۰ گھنٹے سفر کر کے ابھی حج سے آیا ہوں ۔ اگر آپ مہربانی فرمائیں ، آپ نے ہمیشہ رعایت فرمائی ہے کچھ حضرات آگے پیچھے آجاتے ہیں تو پھر آپ موقع

دے دیتے ہیں بڑی کوشش سے آرہا تھا لیکن ۱۰ منٹ لیٹ ہو گیا ہوں۔ ایک ہفتے سے یہ delay ہو رہا تھا۔ اگر آپ مہربانی فرمائیں تو۔

جناب چیئرمین : ایک ہفتے سے آپ کی درخواست پر ہم نے اسے مؤخر کیا ہوا تھا آج کے لیئے اس کو مقرر کیا ہوا تھا۔ آپ کو اس کی اطلاع تھی نہ آپ کے دیر سے آنے کی ہمیں اطلاع تھی۔

مولانا سمیع الحق : مجھے حضرت اس کی اطلاع نہیں تھی کسی نے اطلاع بالکل نہیں بھیجی۔

جناب چیئرمین : کس چیز کی ؟

مولانا سمیع الحق : اس کی کہ آج یہ چیز ایجنڈے پر ہے یا نہیں۔

جناب چیئرمین : جب آپ نے پچھلی دفعہ درخواست کی تھی تو آپ سے یہی عرض کیا گیا تھا کہ ۲۱ تاریخ کے بعد اس کو رکھا جائے اور آپ ہاؤس میں حاضر ہوں گے۔

مولانا سمیع الحق : حضرت بڑی جدوجہد سے آیا ہوں چند منٹ کی بات ہے۔

جناب چیئرمین : مجھے افسوس ہے ایک دفعہ جب فیصلہ ہو جاتا ہے دوبارہ میں اس کو بدلتا نہیں ۔

مولانا سمیع الحق : یہ بڑا اہم مسئلہ ہے ۔

جناب چیئرمین : آپ کا مسئلہ آئے گا ۔

مولانا سمیع الحق : وہ تو بحث آئے گی یہ تو تحریک استحقاق ہے اور اجلاس سے پہلے میں نے داخل کی تھی جب اجلاس شروع ہوا تھا آپ نے فرمایا تھا کہ میں اس پر غور کر رہا ہوں ۔

جناب چیئرمین : شکریہ ! اس لئے ہم نے یہاں پر رکھی تھی ، اب جب آپ موجود نہیں تھے تو یہ نہیں آسکتی تھی پہلے بھی میں نے کئی دفعہ آپ سے کہا ہوا ہے ۔

مولانا سمیع الحق : آج تو میں پہنچا ہوں ، تحریک استحقاق کا ایک گھنٹہ ہوتا ہے ، آپ یہ فرما رہے تھے ۔ اب اگر چند منٹوں کے لیئے ایک شخص باہر نکل جائے اور اسی عرصہ میں اس کا نام پکارا جائے یا چند منٹ لیٹ آئے تو اس سلسلے میں کچھ آپ کریں ۔

جناب چیئرمین : مولانا صاحب ! میرے خیال میں صحیح بات کرنی چاہیئے ۔ آپ آدھ گھنٹہ سے زیادہ لیٹ آئے ۔

مولانا سمیع الحق : حضور ، میں نے سنا ہے کہ ابھی اجلاس شروع ہوئے دس منٹ ہوئے ہیں ۔

جناب چیئرمین : ہاؤس پہلے موجود نہیں تھا ، آج کا دن، پرائیویٹ ممبرز ڈے ہے، جس کا آپ کو علم ہونا چاہیئے کہ سوالات بھی نہیں ہوتے ہیں ۔ کام شروع ہی پریویلج موشن سے ہوتا ہے ۔

مولانا سمیع الحق : میں نے عرض کیا ہے کہ میں بہت دور تھا ۔ بھاگ دوڑ کر کے یہاں پہنچا ہوں ۔

جناب چیئرمین : اچھا ، مجھے بہت افسوس ہے کہ اب یہ موشن دوبارہ نہیں آسکتی ہے ۔ اگلی تحریک التوا!

مولانا سمیع الحق : حضرت ، اس کے بارے میں آپ کا رویہ ابتدا سے ایسا تھا کہ آپ اس کو آنے نہیں دیتے تھے ۔ اور یہ شریعت بل کا مسئلہ تھا جو اہم ترین مسئلہ ہے اس لیے میں احتجاجاً واک آؤٹ کرتا ہوں ۔

(مولانا سمیع الحق صاحب واک آؤٹ کر گئے)

جناب چیئرمین : وہ آپ کی مرضی ہے ۔ جناب جاوید جبار صاحب ۔

An honourable Member : Not present, Sir.

Mr. Chairman : Not present. Dropped. (Prof. Khurshid Ahmed)

An honourable Member : Not present, Sir.

Mr. Chairman : Dropped.

ایک معزز رکن : وہ چھٹی پر ہیں ۔

جناب چیئرمین : وہ چھٹی پر نہیں ہیں ۔

This is what I have been told by the Secretariat.

میرا تو خیال ہے کہ چھٹی پر ہیں right from the beginning. اس کو verify کر لیں گے ، اگر وہ چھٹی پر ہیں ، تو اس کے ساتھ انہوں نے یہ بھی درخواست دی تھی کہ میری جو تحاریک ہیں ، ان کو بھی مؤخر کیا جائے ۔ اگر ایسا ہے تو ان کو دوبارہ لے لیں ، ورنہ نہیں ۔ اگلی پانچ موشنز پروفیسر صاحب کے نام پر ہیں ۔ اس سے اگلی موشن جناب جاوید جبار صاحب کے نام پر ہے ، وہ بھی نہیں ہیں ۔

جناب محمد طارق چوہدری صاحب ،

On the reported strike observed by the business and trading community at Faisalabad.

جناب محمد طارق چوہدری : جناب مجھے اس کی بالکل توقع نہیں تھی کہ آج اس کی باری آ جائے گی لہذا میں نے تو اس کی تیاری نہیں کی ہے ۔

Mr. Chairman : Syed Abbas Shah on a point of order.

Syed Abbas Shah : I wanted to know that you dropped an adjournment motion when the mover of the motion came in during the time of discussion on the adjournment motions. Sir, whether he has the right to move that motion or not. I just wanted your ruling on this point when he is requesting again and again.

Mr. Chairman : Which case are you referring to ?

Syed Abbas Shah : Maulana Sami-ul-Haq's case, Sir.

Mr. Chairman : His was a privilage motion. His was not an adjournment motion.

Syed Abbas Shah : Sorry, Sir.

جناب چیئرمین : چوہدری صاحب ! اب تو آپ ایک ہی رہ گئے ہیں، شمع محفل آپ ہی کے سامنے ہے ۔ اب جیسے آپ کی مرضی ہے ۔

جناب محمد طارق چوہدری : مجھے تو یہ توقع ہی نہیں تھی کہ آج یہ موشن آسکے گی ۔ اس لیئے اس کے لیئے میں نے کوئی تیاری بھی نہیں کی، لیکن ڈاکٹر صاحب یہاں موجود ہیں ، ان کی تیاری ضرور ہو گی ۔

جناب چیئرمین : اس پر اگر آپ زور نہیں دیتے تو پھر اسے drop کر دیتے ہیں ۔

جناب محمد طارق چوہدری : جناب ڈاکٹر صاحب کی تیاری، جو ہے وہ کام آجائے گی ۔

جناب چیئرمین : اچھا ٹھیک ہے ۔

(ii) *RE :* STRIKE OBSERVED BY THE BUSINESS AND TRADE COMMUNITY AT FAISALABAD

جناب محمد طارق چوہدری : میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ اس معزز ایوان کے آج کے اجلاس کی بقیہ کارروائی روک کر عوامی اہمیت کے حامل اس قومی مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے کہ حالیہ بحث کے بعد انکم ٹیکس کے نظام اور غیر معمولی طور پر محصول چونگی میں اضافہ کے خلاف فیصل آباد میں تاجروں کی اپیل پر ہڑتال کی گئی۔ تمام دکانیں اور کاروباری ادارے مکمل طور پر بند رہے ، عام استعمال کی ضروری اشیاء تک کی دکانیں بھی پوری طرح بند تھیں ۔ ملک بھر کے تاجر حالیہ اقدام کے خلاف سراپا احتجاج ہیں ۔ یہ مسئلہ نہ صرف ملکی معیشت کے لئے نقصان دہ ہے بلکہ آج کے پر آشوب وقت میں امن و امان کی سنگین صورت حال بھی پیدا کر سکتا ہے ۔ لہذا اسے فوری طور پر زیر بحث لاکر ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے، تاکہ ملک کے اس حساس طبقے کی جائز شکایات کا ازالہ ممکن ہو سکے۔

Mr. Chairman : Is it being opposed ?

Dr. Mahbubul Haq : Yes Sir, opposed.

جناب چیئرمین : اگر آپ کچھ وضاحت کرنا چاہتے ہیں، تو

I think he is opposing it.

اگر اسی پر اکتفا کرتا ہے تو میں ان سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ جواب دے دیں۔

جناب محمد طارق چوہدری: جناب والا! اس واقعہ کے بعد، حکومت پاکستان کے تاجروں کے ساتھ کافی مذاکرات وغیرہ ہوتے رہے ہیں، اور حکومت نے اپنی پچھلی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے بہت سارے ٹیکس اور اقدامات بھی واپس لے لیے ہیں۔ ایسی صورت میں تازہ ترین کیا صورت حال ہے، اس کی وزیر صاحب زیادہ بہتر طریقے سے وضاحت کر سکیں گے۔

جناب چیئرمین: جناب ڈاکٹر محبوب الحق صاحب۔

Dr. Mahbubul Haq : Thank you Mr. Chairman. The Government is very conscious of any genuine difficulties or grievances of the business community. Two issues have been raised in the adjournment motion. One is about the octroi which is a provincial subject, so I cannot say anything on that. Other is about the system of income taxation. Sir, there were a number of misunderstandings and some genuine difficulties also by the new system that we had announced. Subsequent to this 9th July, when this adjournment motion was presented or was notified to the Secretariat, I have had the opportunity of seeing the traders from Faisalabad as well as traders from other parts of the country and we have been able to explain to them that for 10 lac assessees below one lac income per year there is a total self-assessment, there is a total immunity, no cash register and as such they have a much easier system. We have totally trusted them that they can pay their own taxes and I think by now the small traders recognized this and we do not have that misunderstanding which cropped up earlier on. There was also some feeling that may be the Government is immediately introducing documentation of the economy and all transactions above fifty thousand rupees will have to be drawn in cheques immediately and all establishments will have to maintain cash registers immediately and everybody will have to obtain a taxation number immediately. I think Sir, we have explained that any such system can be introduced only gradually, over time and it will be a matter of two to three years that such a system is introduced. In fact we have taken out advertisements in the newspapers to explain the system and to invite the suggestions and proposals of the business community by 15th of October as to how we should introduce such a system and only after these consultations a new system will be introduced hopefully once these consultations are over. As such I would like to say Sir, that it is not abnormal that such misunderstandings may arise, it is not abnormal that some genuine difficulties may arise, we are always very conscious of it. My own doors are always open to the business community and it will be a great service by the honourable Senators to bring to my attention any such genuine complaints, difficulties, problems. It is our duty as care-taker Government to resolve them and *Insha Allah !* we shall. Thank you, Sir.

جناب چیئرمین : آپ شاید اس پر اصرار نہیں کر رہے ہیں ۔

جناب محمد طارق چوہدری: آج تو سارے محبوب وزیر سامنے آ رہے ہیں۔ اس لیے پریس نہیں کرتا۔

جناب چیئرمین : اچھا ٹھیک ہے ۔

سید عباس شاہ : جناب والا ! مجھے اجازت ہے ؟

جناب چیئرمین : جی فرمائیے !

Syed Abbas Shah : Sir, I think the issue is very important and it fulfils all the conditions of an adjournment motion and if a full-fledged discussion is held on this issue, the adjournment motion, I think, is possibly admissible, Sir.

Mr. Chairman : I think that is for me to decide whether it is admissible or not.

Syed Abbas Shah : Sir, I am suggesting that the motion may be admitted.

Mr. Chairman : And when the mover of the motion himself doesn't insist on his motion I think.

(مدعی سست گواہ چست والی بات ہوگی)

Or the other way about.

جی جناب قاضی صاحب !

قاضی عبداللطیف: جناب والا ! میری ایک تحریک التوا تھی۔ شاید آپ نے پہلے میرا نام لیا ہوگا۔

جناب چیئرمین : جی، جی، فرمائیے ۔

قاضی عبداللطیف : لیکن میں تو وقت کے اندر ہی پہنچا ہوں، یہ استحقاق

کی تحریک بھی نہیں ہے بلکہ تحریک التوا ہے ۔ ۲۲ر اپریل سے التوا میں چلی آرہی تھی ، یہ تین چار مہینے کے بعد آئی ہے ، اور چند منٹوں کی تاخیر سے اگر اسے ختم کیا جائے تو.... (مداخلت)

جناب چیئرمین : قاضی صاحب ! تحریک التوا کا مطلب یہ ہے کہ ایک معاملہ اتنا فوری نوعیت کا ہے کہ اس پر باقی سب کام چھوڑ کر، بحث کی جائے ۔ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے ۔ اگر پونے چھ بجے اجلاس شروع ہونا تھا اوراس میں کچھ حضرات تشریف نہیں لاتے کارروائی بھی شروع ہو جاتی ہے ، اوران کا نام بھی پکارا جاتا ہے اب آپ دوبارہ نوٹس دے سکتے ہیں اگر یہ ضروری ہے اورآپ اسے ضروری سمجھتے ہیں ۔

قاضی عبداللطیف : میں جناب والا ! گزارش کروں گا کہ اگر چار مہینے تک آپ اس کو ملتوی رکھ سکتے ہیں کیونکہ یہ ۲۲ر اپریل کا ہے ۔ مئی، جون، جولائی — اورآج اگر میں تین منٹ تاخیر سے آیا ، اور پھر اسی ٹائم کے اندر آیا ۔

آپ چار مہینے تک اسے ملتوی رکھتے ہیں جب کہ آپ خود یہ کہتے ہیں کہ یہ اہم ترین ہوتا ہے۔ اور اس کے لیے ہاؤس کی ساری کارروائی کو ملتوی کرنا پڑتا ہے ۔

جناب چیئرمین : مجھے بہت افسوس ہے کہ ۔

قاضی عبداللطیف: ساری کارروائی کے التوا کے باوجود آپ نے چار مہینے تک اس کو لٹکائے رکھا، اور میں تین منٹ کی تاخیر سے آیا اور اس پر آپ کہتے ہیں کہ یہ اب ختم ہوگیا ہے۔ مجھے اس کا بڑا افسوس ہے۔

جناب چیئرمین: مجھے اس بات کا بڑا افسوس ہے، میں آپ کے ساتھ arguments میں نہیں پڑنا چاہتا۔ اگر آپ چار مہینے تک اجلاس نہیں بلاتے تو اس میں میری غلطی نہیں ہے، جب آپ اجلاس بلائیں گے تو اس وقت یہ چیزیں اپنی باری پر لی جائیں گی۔ اور ہاؤس میں آئیں گی۔ اور اگر آپ ہاؤس میں موجود نہیں ہوتے تو یہ ختم ہو جائیں گی۔ یہی میں مولانا سمیع الحق کو بھی بتا رہا تھا۔

قاضی عبداللطیف: اس کی اہمیت تو خود بخود ختم ہو جاتی ہے جب آپ اس کو چار چار مہینے تک لٹکائے رکھتے ہیں اور پھر اجلاس کتنے دنوں سے شروع ہے اس کے بعد پھر وہ ایجنڈے پر آتا ہے لیکن ۲ منٹ کی تاخیر سے میں آتا ہوں پھر بھی وہ وقت کے اندر نہیں لیا جاتا۔

جناب احمد میاں سومرو: اگر وہ تھوڑی دیر میں چند منٹوں میں آجاتے ہیں تو آپ ذرا ہمارے حقوق کی حفاظت کریں۔

مولانا سمیع الحق: جناب والا! عموماً ایسا ہوا ہے کہ ایک اجلاس کا وقت مثلاً اگر چھ بجے مقرر ہوا ہے اور ہم ڈیڑھ ڈیڑھ گھنٹے باہر لابیوں

میں گھومتے پھرتے ہیں ہم حزب اقتدار کے ممبر نہیں ہوتے وہ وہاں ڈرائینگ رومز میں meetings کرتے رہتے ہیں اچانک حکومت ان کو کال کر لیتی ہے تو پھر اس کا یہ لحاظ نہیں ہوتا اور اجلاس چھ بجے کی بجائے سات بجے تک ملتوی ہو جاتا ہے اور ہم باہر پھرتے رہتے ہیں اس کا بھی آپ تحفظ نہیں کرتے اس وقت آپ کو بھی چاہیے کہ وقت کا لحاظ فرمایا کریں۔ ہم نے تو بڑی تکالیف سے دو دو گھنٹے انتظار کیا لیکن تین منٹ دیر سے آنے پر اس اہم ترین ایک مسئلے پر آپ ہم سے تعاون نہیں فرماتے تو ہمارے استحقاق کا کون خیال رکھے گا۔

جناب چیئرمین: تعاون کا یہ مطلب نہیں ہے کہ میں رولز کے خلاف کوئی کام کروں۔ وہ میں پہلے بھی آپ سے یہی عرض کرنا چاہتا تھا۔ لیکن اس وقت آپ تشریف لے گئے تھے میرے خیال میں ایک دو پہلے مواقع پر بھی آپ کی خدمت میں خصوصاً عرض کیا تھا کہ

اگر نہ تھا تو شریک محفل قصور تیرا ہے یا کہ میرا
میرا طریقہ نہیں کہ رکھ لوں کسی کی خاطر مئے شبانہ
تو اسی پر فیصلہ ہو جاتا ہے۔

مولانا سمیع الحق : جناب پندرہ بیس دن سے لیٹ آ رہا تھا آپ کیوجہ سے چونکہ اور کارروائی آپ نے آگے کر دی تھی ۔ تو ---------

جناب چیئرمین : یہ ہاؤس آپ نے چلانا ہے یا میں نے چلانا ہے میں نے اپنی رولنگ دے دی ہے اور میں آپ سے درخواست کروں گا کہ آپ اس کو قبول کریں ------

مولانا سمیع الحق : میں یہی عرض کرتا ہوں کہ ہاؤس کے تمام حضرات کے حقوق کا آپ تحفظ کریں گے تو تب ہی یہ ہاؤس چلے گا ۔ کیا اس طرح چل سکتا ہے کہ آپ ہم پر گاڑی یا بلڈوزر چلائیں تو پھر بھی چلے گا ۔

جناب چیئرمین : حتی الامکان یہی کوشش ہوتی ہے ،
جناب پروفیسر خورشید صاحب .... وہ بھی نہیں ہیں ۔

They are also dropped unless in his application there is a mention of leave for today also.

ویسے بھی ایڈجرنمنٹ موشن کا ٹائم ختم ہو چکا ہے ۔ جناب وسیم سجاد صاحب ۔

THE ADDRESS OF THE PRESIDENT—LAID

Mr. Wasim Sajjad : Sir, with your permission I beg to lay before the Senate a copy of the Address of the President of Pakistan under Article 56(1) of the Constitution made in the meeting of the Senate held on the 20th of July, 1988.

Mr. Chairman : A copy of the Address of the President of Pakistan under Article 56(1) of the Constitution made in the meeting of the Senate held on the 20th July, 1988 has been laid on the Table.

POINT OF ORDER; *RE*: WINDING UP OF DEBATE ON THE PREVIOUS ADDRESS OF THE PRESIDENT

Mr. Ahmad Mian Soomro : Point of order. Sir, what about the previous Address of the President that is going to be wound up on some day ?

Mr. Chairman : It has to be wound up on the official day.

Mr. Ahmed Mian Soomro : It will be wound up or has been wound up.

Mr. Chairman : No, no, it has not yet been wound up. I think the Minister is yet to wind that up.

Mr. Ahmed Mian Soomro : Tomorrow or day after tomorrow ?

Mr. Chairman : Well, this depends on the Orders of the Day. If the Minister is ready, I think it should be wound up on the next official day.

Mr. Ahmed Mian Soomro : If he has nothing to say further then at least let that be off the agenda.

Mr. Chairman : Now, it has to be put to the House actually whether you agree or you do not agree.

Mr. Ahmed Mian Soomro : Let us pass a vote of thanks.

Mr. Chairman : That is right. Next–resolutions. Mr. Javed Jabbar Sahib. He is not present. Next-Professor Khurshid Sahib, he is also not present.

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین ! کیا یہ ختم ہو گئے ہیں ۔

جناب چیئرمین : اگر دوبارہ کسی نے نوٹس دینا ہے تو وہ رولز کے مطابق دے سکتا ہے لیکن فی الحال یہ ختم ہو چکے ہیں ۔ جناب محسن صدیقی صاحب --- وہ بھی نہیں ہیں ۔

جناب مولانا سمیع الحق صاحب آپ کی اطلاع کے لیئے عرض ہے کہ جہاں تک ریزولیوشن کا تعلق ہے وہ جب دوبارہ ballot میں آئیں گے تو پھر ان کو Next پرائیویٹ ممبرز ڈے پہ لیا جائے گا. جناب شاد محمد خان صاحب ۔

RESOLUTION RE: DEVELOPMENT OF TOURISTS RESORTS IN PAKISTAN

جناب شاد محمد خان : جناب چیئرمین صاحب! شکریہ میں اسی انتظار میں تھا آج خوش قسمت ہوں کہ

Movers of Resolutions or Adjournment motions

آج غیر حاضر رہے اور مجھے موقع ملا کہ اس قرار داد کو جو تین سال سے لٹک رہی تھی پیش کر سکوں۔

حضور والا! میں قرارداد کا متن پڑھ کر اس کی وضاحت کرونگا

